REGD No. L. 5254

رجسٹرڈ نمبر ایل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الفَضلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤتِیہِ مَن یَّشَاءُ
عَسٰۤی اَن یَّبعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحمُودًا

روزنامہ الفضل ربوہ

یوم ـ یاح شنبہ
۲۴ ذیقعدہ ۱۳۷۶ھ
فی پرچہ ۲

جلد ۴۶/۱۱ | ۲۳ احسان ۱۳۳۶ھش ۲۳ جون ۱۹۵۷ء | نمبر ۱۴۹

اخبار احمدیہ

ربوہ ۲۱ جون ۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق آج کی اطلاع مظہر ہے کہ

طبیعت بفضلہ تعالیٰ اچھی ہے الحمد للہ

احباب حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت و سلامتی اور درازی عمر کے لئے التزام سے دعائیں جاری رکھیں۔

ربوہ ۲۲ جون ۔ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب مدظلہ العالی کو کل سارا دن نسبتاً زیادہ تکلیف رہی حرارت بھی زیادہ تھی اور بے چینی بھی رہی ۔ احباب حضرت میاں صاحب موصوف کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے التزام سے دعائیں جاری رکھیں۔

ربوہ ۲۲ جون ۔ مکرم پروفیسر علی احمد صاحب ایم ۔ اے ایک عرصہ سے بیمار چلے آتے ہیں ۔ آج ان کی حالت زیادہ تشویشناک ہے ۔ احباب خاص توجہ سے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے آمین

امریکہ آئندہ سال جاپان سے اپنی تمام برّی فوج ہٹا لے گا

صدر آئزن ہاور اور کیشی کے درمیان بات چیت کے اختتام پر مشترکہ اعلان

واشنگٹن ۲۲ جون ۔ امریکہ آئندہ سال جاپان سے اپنی تمام برّی فوجیں واپس بلا لے گا ۔ اس بات کا اعلان اس مشترکہ بیان میں کیا گیا ہے ۔ جو صدر آئزن ہاور اور جاپانی وزیر اعظم مسٹر کیشی کی بات چیت کے بعد کل یہاں جاری ہوا ہے ۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ دونوں اس بات پر متفق ہو گئے ہیں ۔ کہ فوجوں کی واپسی اور اس کے انتظام سے متعلق امور طے کرنے کے لئے ایک کمیٹی بنا دی جائے ۔ دونوں میں اس بارے میں بھی اتفاق پایا جاتا ہے ۔ کہ جاپان میں جو امریکی فوجیں مقیم ہیں ان کے استعمال کے بارے میں امریکہ جاپان سے مشورہ کریگا تاہم بیان میں اس بات کا بھی ذکر موجود ہے ۔ کہ امریکہ اس وقت تک اوکی ناوا پر اپنا کنٹرول رکھنا چاہتا ہے جب تک کہ جنوب مشرقی ایشیا کو بین الاقوامی کمیونزم سے خطرہ لاحق ہے ۔ دونوں نے اس بات پر بھی زور دیا ہے ۔ کہ دنیا کے مستقبل کے لئے عام ہتھیاروں اور ایٹمی ہتھیاروں کو کم کرنے کا معاہدہ ضروری ہے۔

انتخابات میں جعلی ووٹ ڈالنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی

پارلیمنٹ کے آئندہ اجلاس میں ایک خاص بل پیش کرنے کا فیصلہ

کراچی ۲۲ جون ۔ قومی پارلیمنٹ کے آئندہ اجلاس میں ایک بل پیش کیا جائے گا ۔ اس کی رو سے انتخابات میں جعلی ووٹ ڈالنے والوں کو سرسری مقدمے کے بعد فوری طور پر سزا دی جا سکے گی ۔ تمام پولنگ سٹیشنوں پر ایسے معاملات کی سماعت کے لئے خاص مجسٹریٹ مقرر کئے جائیں گے ۔ خیال ہے انہیں چھ ماہ قید تک سزا دینے اور جرمانہ وغیرہ کرنے کا اختیار حاصل ہوگا ۔ مجوزہ بل ان متعدد اقدامات میں سے ایک ہے جو مرکزی حکام منصفانہ اور غیر جانبدارانہ انتخابات کرانے کے سلسلہ میں کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

لبنان کے صدر اور وزیر اعظم سے جناب سہروردی کی ملاقاتیں

بیروت ۲۲ جون ۔ وزیر اعظم پاکستان جناب حسین شہید سہروردی نے کل لبنان کے صدر جناب کمیل شمعون اور وزیر اعظم جناب سمیع الصلح سے بات چیت کی پہلے آپ وزیر اعظم سے ملے پھر دوپہر کی دعوت کے بعد جو صدر نے آپ کے اعزاز میں دی تھی ۔ آپ نے صدر لبنان سے ملاقات کی ۔ ایک خبر رساں ایجنسی کی اطلاع کے مطابق جناب سہروردی نے لبنانی زعماء سے اس بارے میں بات چیت کی کہ اقوام متحدہ میں کشمیر اور فلسطین کے مسائل پر عرب ممالک اور پاکستان ایک دوسرے کی حمایت کریں۔

ہم لندن میں برطانوی دفتر خارجہ نے روس کی اس کارروائی کو اقوام متحدہ کی اس قرارداد کے خلاف قرار دیا ۔ جس میں کہا گیا تھا کہ مشرق وسطیٰ کو اسلحہ کی فراہمی بند کر دی جائے

فرانسیسی تجارتی وفد کی مصروفیات

کراچی ۲۲ جون ۔ فرانس اور پاکستان کے درمیان نئے تجارتی معاہدے کے بارے میں فرانس کے تجارتی وفد اور پاکستانی حکام کے درمیان بات چیت کل بھی جاری رہی ۔ وفد کے ممبران دو روز کے دورہ پر آج لاہور روانہ ہو گئے ہیں۔

مصر روس سے تین آبدوز کشتیاں خریدی ہیں

ماسکو ریڈیو کی تصدیق

ماسکو ۲۲ جون ۔ روس نے اس خبر کی تصدیق کی ہے ۔ کہ اس نے مصر کے ہاتھ تین آبدوز کشتیاں فروخت کی ہیں ۔ کل ماسکو ریڈیو نے اپنی عربی نشریات میں اس خبر کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ۔ مصر نے یہ آبدوز کشتیاں اپنی حفاظت کے لئے خریدی ہیں ۔ اور خود حفاظتی کوئی بری چیز نہیں ہے ریڈیو نے مزید کہا ۔ مصر ایک آزاد ملک ہے ۔ اور اسے اپنی حفاظت کے لئے ہر ضروری اقدام کرنے کا پورا اختیار حاصل ہے ۔ ۔ ۔ کل م

جنوبی کوریا کیلئے جدید امریکی اسلحہ

واشنگٹن ۲۲ جون ۔ حکومت امریکہ نے اعلان کیا ہے ۔ کہ وہ بہت جلد جنوبی کوریا کو جدید اسلحہ ارسال کرنا شروع کر دے گی ۔ جس میں جیٹ لڑاکا طیارے بھی شامل ہیں ۔ اعلان میں مزید کہا گیا ہے کہ اب امریکہ متارکہ جنگ کے اس معاہدے کا پابند نہیں ہے ۔ جس کے تحت شمالی اور جنوبی کوریا کی فوجوں کو جدید ہتھیار حاصل کرنے سے منع کیا گیا تھا۔

شاہ حسین آج بغداد جائیں گے

عمان ۲۲ جون ۔ اردن کے شاہ حسین عراق کے شاہ فیصل اور دوسرے عراقی لیڈروں سے بات چیت کے لئے کل صبح بذریعہ طیارہ بغداد پہنچ رہے ہیں۔

جودت کو نوری کی یقین دہانی

بغداد ۲۲ جون ۔ عراق کے سابق وزیر اعظم جنرل نوری السعید نے مسٹر علی جودت کی حکومت کو مکمل حمایت کا یقین دلایا ہے ۔ ایک اطلاع کے مطابق وزیر اعظم جودت کو عراقی پارلیمنٹ میں ۱۳۱ ارکان کی حمایت حاصل ہے۔

ـــ کراچی ۲۲ جون ۔ شام اور پاکستان کی حکومتوں میں ایک معاہدہ ہوا ہے ۔ جس کے تحت شام کے کرنسی نوٹ پاکستان میں چھاپے جائیں گے۔

ایڈیٹر :- روشن دین تنویر بی اے ایل ایل بی

مسعود احمد پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں طبع کرا کر دفتر الفضل ربوہ سے شائع کیا

روزنامہ الفضل ربوہ

مورخہ ۲۳ ستمبر ۱۹۵۷ء

الحادی طاقتوں کا منظم حملہ

پچھلے دنوں ہم نے الفضل میں خدا پرستوں کی کمیٹی کا ذکر کیا تھا جو الحادی طاقتوں سے لڑنے کے لئے معرض وجود میں لائی گئی ہے بات یہ ہے کہ اگرچہ الحادی رجحانات ہر زمانہ میں بر سرکار رہے ہیں لیکن دوسرے معاملات کی طرح آج الحادی طاقتیں بھی منظم ہو کر اللہ تعالےٰ اور معاد کے خیالات کو انسانی ذہنیت سے دھو دینے پر آمادہ ہو گئی ہیں۔ چنانچہ اشتراکیت کے زیر اثر ممالک خاص طور پر مذہب اور خدا پرستی کے خلاف مہم چلا رہے ہیں۔

جیسا کہ معلوم ہے دنیا کا تقریباً ⅓ حصہ اس وقت اشتراکیت کے زیر اثر ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ آج دنیا کا ⅓ حصہ منظم طور پر مذہب کی مخالفت اور اسکو مٹا دینے کے لئے کھڑا ہوا ہے۔ اشتراکیت کے علاوہ بھی خاص کر مغربی ممالک میں انسانوں کی ایک معتد بہ تعداد مذہب اور اللہ تعالےٰ کے تصور سے منکر ہو چکی ہے سائنس اور آزاد فلسفیانہ تحقیقات نے بہت لوگوں کو مادہ پرستی کا شکار بنا رکھا ہے اور ایک خاصی تعداد منکرین کی ہر ملک و قوم میں پیدا ہو چکی ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ مادی ترقیوں نے تمام دنیا کے انسانوں کو متاثر کر رکھا ہے اور لوگ جو نفس امارہ کے چنگل میں جلد گرفتار ہو جاتے ہیں ان ترقیوں کی وجہ سے خدا تعالےٰ اور عاقبت کے تصورات سے بالکل مبرا ہوتے جا رہے ہیں۔ ایسے حالات میں اشتراکیت کا منظم پروپیگنڈہ واقعی ایک عظیم خطرہ ہے۔ جس کا مقابلہ اگر نہ کیا گیا تو جلد ہی متذبذب دنیا اللہ تعالےٰ کے نام سے بھی بیزار ہو جائیگی اور اس کا نتیجہ لازماً یہ ہوگا کہ اخلاقی اقدار جو مذہب نے انسان کی ذہنیت میں مستحکم کرنے کی کوشش کی ہے اور جس کی وجہ سے دنیا کا نظام کسی حد تک قائم ہے بالکل مٹ جائینگی۔ اور معاشرہ کا عام نظام درہم برہم ہو کر رہ جائے گا۔ اس ضمن میں مندرجہ ذیل خبر جو اخبارات میں شائع ہوئی بطور ثبوت کے پیش کی جاسکتی ہے۔ فہو ہذا

دی آنا ۱۸ جون۔ روس میں ولاڈی واسٹک کے ریڈیو نے حال میں کمیونسٹ پارٹی کے ان ایجنٹوں کے لئے ایک اعلان کیا ہے۔ جو نوجوانوں کے حلقوں میں کام کر رہے ہیں۔ انہیں ہدایت کی گئی ہے کہ الحاد کا پروپیگنڈہ محض عارضی نہیں ہے۔ بلکہ مذہب کی بنیادیں منہدم کرنے کے لئے اس پر مسلسل عمل ہونا چاہیئے۔ ریڈیو نے اس امر کی شکایت کی ہے کہ طالب علموں اور دوسرے نوجوانوں میں ایک ایسا نظریہ پھیلتا جا رہا ہے جو اشتراکیت کے اصولوں کے منافی ہے اور اس کو دبانے کے لئے الحاد کی مہم پوری شدت کے ساتھ نہیں چلائی جا رہی ہے۔ ریڈیو نے کہا پچھلے سال پورے علاقہ میں الحاد پر صرف ۱۵۲ لیکچر دئے گئے تھے۔ جو بہت ناکافی تھے۔

(روزنامہ تسنیم مورخہ ۱۹ جون ۱۹۵۷ء)

جو کچھ اس خبر میں بتایا گیا ہے ابہام سے خالی ہے اور ہر آدمی آسانی سے جان سکتا ہے کہ مخالف مذہب طاقتیں کیا عزیمتی مہم چلا رہی ہیں۔ اور کس طرح انسانی ذہن کو جو صدیوں کی مذہبی جدوجہد سے بنا ہے الحادی طاقتیں مسخ کرنے کے لئے اٹھ کھڑی ہوئی ہیں ان حقائق کے پیش نظر خدا پرستوں اور مذہب کے دلدادگان پر فرض عائد ہوتا ہے۔ کہ وہ بھی بالمقابل ایک منظم اور عالمگیر مہم کا فوری طور پر آغاز کریں اور چاہیے کہ تمام مذاہب مل کر اس خطرے کے مقابلہ کے لئے اٹھ کھڑے ہوں۔ مسلم عیسائی تعاون کی کمیٹی جس کا ہم نے ذکر کیا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہی مقصد لے کر کھڑی ہوئی ہے

آج تمام ممالک کی حکومتیں خواہ اشتراکی ہوں یا غیر اشتراکی مادہ پرستی کے نقطہ نظر سے ہی چلائی جا رہی ہیں۔ اور کسی ملک کی طاقت کا اندازہ اس کی مادی طاقت سے ہی لگایا جاتا ہے۔ ایک حد تک تو یہ ناگزیر ہے۔ لیکن اگر غیر اشتراکی ممالک کی حکومتوں نے اس طرف چنداں توجہ نہ کی اور اپنے اپنے ملک اور قوم میں مذہبی اور اخلاقی بیداری کیلئے مؤثر اقدامات نہ کئے تو الحادی طاقتوں کا کامیاب ہو جانا غیر اغلب نہیں ہے۔ اسلئے چاہیئے کہ تمام ایسی حکومتیں نہ صرف اپنے اپنے ملک اور قوم میں مذہبی اور اخلاقی بیداری کیلئے ایک پروگرام پر عمل کریں بلکہ سب ملکر ایک منظم مہم چلائیں۔ مثلاً انہیں چاہیئے کہ موزوں مقامات پر طاقتور ریڈیو سٹیشن قائم کریں اور ہر زبان میں علمی اور عقلی طریقوں سے جو موجودہ ذہنیت کو متاثر کرسکیں مذہب اور اخلاق کی ضرورت پر لگاتار تقریروں اور دیگر جدید طریقوں سے وسیع پیمانہ پر پروپیگنڈا کیا جائے خاص ان زبانوں میں۔ جن کو بولنے والے اشتراکیت کے چنگل میں گرفتار ہیں اور مثلاً روسی، چینی وغیرہ زبانوں میں ہر دلعزیز اور دلچسپ انداز میں پراپیگنڈہ ہونا چاہیئے۔ اور پھر وسیع پیمانہ پر لٹریچر ہر زبان میں شائع کیا جائے۔

انتخابی چالیں

حضرو کے تاجران تمباکو سے اظہار ہمدردی

امیر جماعت اسلامی راولپنڈی کا بیان

راولپنڈی۔ ۱۷ جون (اسٹاف رپورٹر)

سید صدیق الحسن گیلانی امیر جماعت اسلامی حلقہ راولپنڈی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے۔ کہ وہ حضرو کے تاجران تمباکو کے مسئلہ کی طرف فوراً توجہ کرے۔ گیلانی صاحب نے کہا ہے کہ ان تاجروں نے پچھلے کم و بیش ایک ہفتے سے ہڑتال کر رکھی ہے اور حکومت کی جانب سے ان کے بارے میں مکمل خاموشی سے یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ دوکانداروں کے مطالبات جائز بھی ہیں اور معقول بھی۔ اب جب کہ مغربی پاکستان میں کوئی وزارت نہیں ہے۔ انتظامیہ کا فرض ہے کہ وہ اس نازک مسئلے کی طرف توجہ کرے۔

مندرجہ بالا خبر روزنامہ کوہستان مورخہ ۱۸ جون ۱۹۵۷ء راولپنڈی سے نقل کی گئی ہے۔ جو مودودی صاحب کی جماعت اسلامی کا نان آفشل ترجمان ہے۔ اس خبر سے شاید بعض لوگوں کے دلوں میں شاید غلط فہمی پیدا ہو کہ کیا اقامت دین کے پروگرام میں تمباکو نوشی کو فروغ دینا شامل ہے؟ اور کیا یہ بھی نعوذ باللہ دین اسلام کا کوئی اہم رکن ہے؟ اس غلط فہمی کو دور کرنے کی ضرورت ہے۔ سو معلوم ہو کہ تمباکو نوشی کو دین اسلام سے قطعاً کوئی تعلق واسطہ نہیں ہے۔ البتہ امیر جماعت اسلامی نے حضرو کے تاجران تمباکو سے جو اظہار ہمدردی کیا۔ تو یہ صرف انتخاب کی وجہ سے ہے جیسا کہ سب کو معلوم ہے۔ جماعت اسلامی آئندہ انتخابات میں حصہ لے رہی ہے۔ اور چونکہ وہ اسلام کو ملک میں نافذ کرنا چاہتی ہے۔ انتخابات میں کامیابی ضروری ہے۔ مقصد پاکیزہ ہے ذرائع کی پاکیزگی میں ذرا سی کمی ہو جائے تو اسے نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔

تمباکو نوشی خواہ کتنی ہی مکروہ ہو۔ پھر بھی تاجران تمباکو سے ہمدردی کر کے اگر ان کے ووٹوں سے انتخابات میں کامیابی ہو سکتی ہے تو اس سے کیوں نہ فائدہ اٹھایا جائے۔

اصل مقصد تو اقامت دین ہے ایک تمباکو ہی کیا بلکہ چنڈو گانجا افیون چرس وغیرہ کی تجارت کرنے والوں کے ووٹ بھی صالح امیدوار کو مل کر صالح ہو جاتے ہیں۔

درخواست دعا

خاکسار نے امسال بھی ۲ ایم کا امتحان دیا ہوا ہے۔ احباب جماعت خصوصاً بزرگان سلسلہ درویشان قادیان سے درخواست ہے کہ وہ نمایاں کامیابی کے لئے دعا فرما دیں۔

عبد الرشید لائق معتمد خدام الاحمدیہ گنج مغلپورہ لاہور

مشہور اطالوی مستشرق خاتون

کی

اسلام پر کتاب کے متعلق ایک ضروری وضاحت

ہالینڈ سے محترم چوہدری محمد ظفراللہ خان صاحب کا مکتوب گرامی

جماعت احمدیہ کے امریکہ مشن کی طرف سے حال ہی میں مشہور اطالوی مستشرق خاتون پروفیسر واگ لی ایری کی کتاب
An Interpretation of Islam
کا انگریزی ترجمہ شائع ہوا ہے۔ جس میں مؤلفہ نے بہت ہمدردی اور محبت کے ساتھ اسلام کے بعض محاسن کا ذکر کیا ہے۔ محترم چوہدری محمد ظفراللہ خان صاحب بالقابہ نے کتاب میں بیان شدہ مضامین کے متعلق ایڈیٹر الفضل کے نام اپنے ایک مکتوب میں ایک خاص امر کی وضاحت فرمائی ہے۔ آنمحترم کا مکتوب گرامی افادۂ احباب کی غرض سے درج ذیل کیا جاتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہیگ ۸ جون ۱۹۵۷ء

مکرمی جناب ایڈیٹر صاحب الفضل

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خاکسار نے الفضل میں حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کا خطبہ پڑھا جس میں حضور نے کتاب An Interpretation of Islam کی اشاعت کی تحریک فرمائی ہے۔ جیسا کہ خاکسار نے جلسہ سالانہ کے موقعہ پر گزارش کیا تھا یہ کتاب اگرچہ ایک یورپین مستشرق خاتون کی لکھی ہوئی ہے لیکن کسی غیر مسلم کی قلم سے ایسی ہمدردی اور محبت سے اسلام کے متعلق لکھی ہوئی کتاب خاکسار کے علم میں نہیں آئی (خاکسار نے یہ نہیں کہا تھا کہ کسی مسلمان نے بھی ایسی کتاب نہیں لکھی) لیکن اس سے گو خاکسار کی یہ غرض تو ضرور تھی کہ اس کتاب کے مطالعہ سے ایک انصاف پسند غیر مسلم کو بہت فائدہ ہو سکتا ہے۔ اور اس لحاظ سے اس کتاب کی وسیع اشاعت اسلام کے متعلق بہت سی غلط فہمیوں کے دور کرنے کا موجب ہو سکتی ہے۔ لیکن یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ یہ کتاب بہرحال ایک غیر مسلم کی لکھی ہوئی ہے۔ اور بعض امور کے متعلق اس نے اپنا ذاتی نقطۂ نگاہ بیان کیا ہے۔ بعض مسائل میں جمہور مسلمین کے عقیدے یا موقف کو بیان کیا ہے۔ جس سے ہمیں اختلاف ہو سکتا ہے۔ بعض ایسی باتیں بیان کی ہیں۔ جو بلاشرط اور بلا استثناء قابل قبول نہیں۔ مثلاً اس نے بیان کیا ہے۔ کہ خلیفہ بعض حالتوں میں معزول ہو سکتا ہے۔ یہ نظریہ آئینی صدر حکومت کے متعلق تو درست ہو سکتا ہے۔ لیکن دینی اور روحانی خلیفہ کے متعلق ہمارے نزدیک قابل قبول نہیں۔ ہماری نگاہ میں اس کتاب کی قدر اس لئے ہے۔ کہ مؤلفہ نے نہایت ہمدردی اور محبت سے اسلام اور بانیٔ اسلام صلے اللہ علیہ وسلم کو پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ اور اس لحاظ سے ہم مؤلفہ کے ممنون ہیں۔ اور اس کی کتاب کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اور غیر مسلموں میں خصوصاً یورپ اور امریکہ میں اس کی وسیع اشاعت کے خواہاں ہیں۔ ورنہ ہم نہ ہر اس بات کے پابند ہیں جو اس کتاب میں بیان کی گئی ہے۔ نہ اس کی ہر بات کے مؤید ہیں یہ امر تو پہلے بھی واضح تھا۔ لیکن چونکہ خاکسار نے اس کتاب کا پیش لفظ لکھا تھا۔ (گو پیش لفظ کے صفحہ ۱۳ پر بھی اس امر کی وضاحت کر دی گئی تھی) اور یہ کتاب ہمارے امریکہ کے مشن کی طرف سے شائع ہوئی ہے۔ اس لئے ممکن ہے کوئی صاحب یہ فرض کر بیٹھیں کہ اس کتاب میں جو نظریہ بھی پیش کیا گیا ہے۔ ہم اس کی تائید کرتے ہیں۔ یا وہ ہمیں تسلیم ہے۔ ایسی غلط فہمی کے امکان کو رفع کرنے کی خاطر خاکسار ملتجی ہے کہ اس عریضہ کو الفضل میں شائع فرما کر ممنون فرمائیں۔ والسلام

خاکسار، ظفراللہ خان

صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب کا کراچی میں ورود

مورخہ ۱۴ جون کو تیز گام ایکسپریس کے ذریعہ ۱۱½ بجے بعد دوپہر مکرم صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب کراچی تشریف لائے۔ ریلوے سٹیشن پر مکرم شیخ رحمت اللہ صاحب قائمقام امیر جماعت احمدیہ کراچی کی معیت میں جماعت کراچی کے احباب نے آپ کا پرتپاک استقبال کیا۔ مورخہ ۱۵/۶/۵۷ کو بعد دوپہر ۴½ بجے شیزان ریسٹورنٹ میں جماعت احمدیہ کراچی کی طرف سے صاحبزادہ صاحب موصوف کی خدمت میں عصرانہ پیش کیا گیا۔ مکرم شیخ رحمت اللہ صاحب نے مکرم صاحبزادہ صاحب موصوف کا شکریہ ادا کیا۔ اور جماعت کی طرف سے آپ کی خدمت میں دعا کی درخواست کی۔ سب احباب نے مل کر دعا کی۔ آپ کی روانگی کے وقت بہت سے احباب ہوائی اڈہ پر گئے۔ اور مکرمی مولوی عبدالواحد صاحب صحابی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قیادت میں ایک لمبی اور پرسوز دعا کی گئی۔ پھر مکرمی صاحبزادہ صاحب نے سب احباب سے مصافحہ کیا۔

صاحبزادہ صاحب موصوف ۱۷/۶/۵۷ کو صبح سویرے چار بجے B.O.A.C. طیارے سے عازم جرمنی ہوئے۔ اللہ تعالےٰ سے دعا ہے کہ ہر آن وہ آپکا حافظ وناصر ہو۔ آمین اور جن پاک مقاصد کے ماتحت حضرت المصلح الموعود خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ نے آپ کو بھجوایا ہے ان میں اللہ تعالےٰ آپ کو کامیابی عطا کرے۔ آمین۔ صاحبزادہ صاحب موصوف کی روانگی کے موقعہ پر جماعت کراچی نے ایک بکرا صدقہ دیا۔

خاکسار خلیل الرحمٰن سیکرٹری ضیافت جماعت احمدیہ کراچی

سیدہ امۃ السلام صاحبہ اہلیہ ڈاکٹر علی اسلم صاحب آف نیروبی کا ایک خط

ذیل میں سیدہ امۃ السلام صاحبہ اہلیہ ڈاکٹر سید علی اسلم صاحب آف نیروبی (مشرقی افریقہ) کا ایک خط شائع کیا جاتا ہے۔ جو انہوں نے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں لکھا ہے

واضح رہے کہ سیدہ امۃ السلام صاحبہ نے یہ خط محض غصہ اور جوش میں لکھا ہے۔ ورنہ ان کے خاوند کے خلاف جو اعلان کیا گیا تھا۔ وہ مولوی مبارک احمد صاحب امیر جماعت افریقہ کی رپورٹ پر نہیں کیا گیا تھا۔ بلکہ افریقہ کی جماعت کی مجلس عاملہ کی رپورٹ پر کیا گیا تھا۔ جس پر بہت سے ذمہ دار احمدیوں کے دستخط تھے۔ اگر سیدہ امۃ السلام صاحبہ کا یہ خیال ہے کہ جماعت کے تمام ذمہ دار کارکنوں کی بات پر ان کے خاوند کی بات کو ترجیح دی جائے۔ تو مرکز اس کے لئے تیار نہیں۔ خواہ اس کے نتیجہ میں اسلم صاحب اور سیدہ امۃ السلام صاحبہ دونوں اپنے چندے مولوی صدر دین صاحب اور میاں عبد المنان کو بھجوانے شروع کر دیں۔ جیسا کہ انہوں نے دھمکی دی ہے۔ دو تین ہزار دوسرے غیر مبائع جماعت کا نقصان نہیں کر سکے تو یہ دو میاں بیوی کیا کر سکتے ہیں۔ خود ڈاکٹر اسلم صاحب پچیس تیس سال غیر مبائع رہے ہیں بلکہ انہوں نے مبلغ کے طور پر اپنی زندگی بھی وقف کی تھی۔ اس وقت انہوں نے ہمارا کیا بگاڑ لیا تھا۔ کہ اب اپنا اور اپنی بیوی کا چندہ پیغامیوں کو دے کر ہمارا کچھ بگاڑ لیں گے۔ (ادارہ)

نیروبی
۵-۶-۲۶

سیدنا و امامنا !

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

اسلم کی سزا کے متعلق ۹ تاریخ کا ناظر امور عامہ صاحب کی طرف سے بھی اعلان پہنچ چکا ہے۔ اور اس کے بعد ۱۳ تاریخ کو حضور کی تحریر بھی موصول ہو چکی ہے۔ اب تک کچھ علم نہیں ہو سکا کہ کون حکم مقدم ہے۔ ہمیں تو سب سے زیادہ حضور کے فرمان کو مدنظر رکھنا ہے انصاف کے طالب ہیں۔ اور آپ کے دربار میں فریاد کناں۔ پیغامی اور خطرناک پیغامی آپ فرما چکے ہیں۔ یہ رپورٹیں جو آپ تک پہنچائی گئیں غلط ہیں۔ اور سوائے ذاتی دشمنی کے کچھ نہیں۔ اگر آپ پہ عیاں ہو۔ اور آپ حکم صادر فرمائیں کہ اسلم پیغامی ہیں۔ اور چندے منافق و صدر دین کے لئے ہیں۔ تو دوسرے حکم کی پیروی کی جائے۔

۷ مئی کے الفضل میں جو اعلان شائع ہوا ہے نمبر ا ہی ہونا چاہیئے تھی۔ نمبر ۲ و ۳ بہتان ہیں اور بغیر تحقیق کے اخبار میں شائع کرکے اکناف عالم میں غلط بات پھیلا دی گئی ہے۔ ہم حضور سے انصاف کے طالب ہیں۔

یہاں مجھے کہا جاتا ہے۔ ڈاکٹر اسلم تو مولوی صاحب سے معافی مانگ لیں۔ تو سارا معاملہ ختم کر دیا جائے گا۔ کیونکہ مرکز نے کچھ نہیں کرنا۔ جو کرنا ہے۔ مولوی صاحب نے کرنا ہے۔ میرے اس استفسار پر کہ جو رپورٹیں آج تک برابر بھیجی گئی ہیں اور جن سے ثابت کیا گیا ہے کہ اسلم پیغامی ہے۔ اور جن سے حضرت اقدس پر اعتراضات ثابت کئے گئے ہیں۔ وہ کس طرح صفائی ہو گی تو جواب ملتا ہے کہ اسکو کس نے پوچھنا ہے۔ بس مولوی صاحب اتنا لکھ دیں گے۔ کہ اب ڈاکٹر صاحب کا معاملہ ٹھیک ہے۔ تو باقی کوئی بات کسی نے پوچھنی ہی نہیں خدا گواہ ہے میں حیران ہوں کہ مولوی صاحب نے خلیفہ وقت کی عزت کا نہ صرف مقابلہ ہی نہیں اسے غیر ازضروری سمجھا جاتا ہے اور یہ بھی علم ہوا ہے کہ حضور کی طرف سے حکم آیا ہے کہ اگر اسلم مولوی صاحب سے معافی مانگ لے تو بات ختم کر دی جائے۔ حضور خدا کے نام پر التجا کرتی ہوں۔ اس بات کی قطعاً سمجھ نہیں آرہی مولوی صاحب سے معافی مانگ کر ایک "پیغامی اور منافق" کو قطعاً معاف کرکے کی منافقت پر صبر کس طرح کر لیا جائے ایک دفعہ ایک صاحب ذکر کر رہے تھے کہ مغربی افریقہ کی جماعت کس قدر کام کر رہی ہے۔ اور ہمارے مبلغین کیا کام کر رہے ہیں۔ مولوی صاحب نے یہ بات سن پائی تو دوسرے شخص کے ذریعہ انہیں کہلوا بھیجا کہ ہم پہ اعتراض کرکے یہ اپنی عاقبت خراب کر رہا ہے۔ اسے کہو کہ اپنے لفظ واپس لے۔ تو حضور اگر اس اعتراض پہ عاقبت خراب ہو چکی۔ تو خلیفہ وقت پر اعتراض کرنے والے کا معاملہ دبا دیا جائے۔ یہ کس طرح ہو سکتا ہے

اب کہا جا رہا ہے کہ یہ شخص بہت مغرور ہے۔ اسلئے معافی نہیں مانگتا۔ یہ بات غلط ہے کوئی غرور نہیں۔ انسان عاجز ہے۔ غرور کس بات پر کر سکتا ہے اس کی حیثیت ہی کیا ہے جو مغرور ہو۔ صرف حضور کے حکم کا انتظار ہے کہ اس الزام کے ماتحت کہ پیغامی ہے۔ اور الفضل کے غلط شائع شدہ الزامات کے ماتحت معافی کیا اس چیز کی مانگی جائے کہ واقعی ۹ تاریخ کے تینوں الزامات صحیح ہیں۔ منافق تھا۔ اور اب نہیں ہوں۔ حضرت اقدس کے خلاف بولا تھا۔ اب نہ بولوں گا۔ یہ باتیں غلط ہیں اور غلط باتوں کی معافی کس طرح مانگی جائے۔ اگر نمبر ا کی معافی مانگی جائے تو چونکہ تینوں باتیں الفضل میں اکٹھی شائع ہو چکی ہیں۔ ہر پڑھنے والا بھی ۳ الزامات کی معافی مانگنا ہی سمجھے گا۔ اور یہ وہ الزامات ہیں۔

حضور سے انصاف کا طالب کی درخواست ہے

والسلام   امۃ السلام

مکرم مولوی رحمت علی صاحب آف پھیرو چیچی کی وفات

حضرت مسیح پاک علیہ السلام کے ایک مخلص صحابی جناب مولوی رحمت علی صاحب آف پھیرو چیچی ضلع گورداسپور حال ناصر آباد سندھ ۱۳ جون ۱۹۵۶ء کو اچانک اس دنیائے فانی سے رخصت ہو کر اپنے مولا کریم سے جا ملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

آپ بچپن کی عمر میں ہی حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر ایمان لائے تھے۔ احادیث میں مسیح اور مہدی کی آمد کی ایک علامت یہ بتائی گئی تھی کہ ایک دمدار ستارہ طلوع ہوگا۔ جب یہ نشان ظاہر ہوا۔ تو مولوی صاحب قادیان تشریف لائے۔ اور ایک دو دن کے وقفہ کے بعد بیعت کر لی۔

اپنے گاؤں پھیرو چیچی میں سب سے پہلے شخص تھے جو احمدی ہوئے۔ بیعت کے بعد آپ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ حضور میں اکیلا ہوں حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ: "مومن کبھی اکیلا نہیں رہتا"۔ آپ یہ جواب سن کر نہایت اطمینان قلب سے واپس آ گئے۔ شروع شروع میں کافی مخالفت ہوئی۔ آخر آپ کی کوششوں کو مولا کریم نے قبول فرمایا۔ اور خدا تعالےٰ کا اس قدر فضل ہوا کہ وہاں ایک بھاری جماعت قائم ہو گئی۔ اور اس طرح حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی زبان مبارک سے نکلے ہوئے کلمات کو اللہ تعالےٰ نے پورا فرمایا۔

مولوی صاحب کو تبلیغ کا خاص شوق تھا۔ اس فریضہ کو ادا کرنے میں ایک لذت محسوس کرتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے لوگ ان کے ذریعہ احمدیت میں داخل ہوئے

آپ کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور آپ کے تمام خاندان سے سچی محبت تھی۔ باوجودیکہ آپ کا گاؤں قادیان سے تقریباً ۹ میل کے فاصلہ پر تھا۔ لیکن پھر بھی اکثر اوقات آپ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی صحبت میں رہنے کے لئے قادیان میں آ جاتے۔ آپ خدا تعالےٰ کے فضل سے موصی تھے۔ اور چندہ دینے میں ہمیشہ سبقت لے جایا کرتے تھے۔ ہر نیکی کے کام میں آپ کا قدم آگے ہی رہتا تھا۔

چونکہ آپ کی وفات اچانک ہوئی ہے۔ اس وجہ سے فی الحال امانتاً یہاں ہی دفن کر دئے گئے ہیں۔ آپ نے اپنے پیچھے دو لڑکے اور چار لڑکیاں بطور یادگار چھوڑی ہیں۔ اللہ تعالےٰ ان سب کا حافظ و ناصر ہو۔ مولوی صاحب اپنے خاندان کے لئے رحمت اور برکت کا موجب تھے۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالےٰ مولوی صاحب کو جنت الفردوس میں جگہ دے ان کے پسماندگان کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق بخشے۔ آمین

(پریذیڈنٹ ناصر آباد اسٹیٹ ضلع تھرپارکر مغربی پاکستان)

درخواست دعا

مکرم شیخ عبد الوہاب صاحب سیکرٹری مال جماعت احمدیہ کراچی کا سول ہسپتال میں آنکھ کا اپریشن ہوا ہے۔ اپریشن کامیاب رہا ہے۔ احباب شیخ صاحب موصوف کی کامل و عاجل صحت یابی کے لئے دعا فرما کر ممنون فرمائیں۔

عبد المجیب (قائد مجلس خدام الاحمدیہ کراچی)

مشرقی افریقہ میں جماعت احمدیہ کی کامیاب تبلیغی مساعی

سواحیلی زبان میں جماعت کے اخبار کی مقبولیت، ریڈیو پر تقاریر، لٹریچر کی اشاعت، جماعت کی تعلیم و تربیت

(از مکرم مولوی محمد منور صاحب مبلغ مشرقی افریقہ بتوسط وکالت تبشیر ربوہ)

اس سال کے دوران خاکسار نیروبی میں مقیم رہا۔ چند دنوں کے لئے کسومو ممباسہ اور ٹانگا کا سفر اختیار کیا۔ ایک مبلغ کا سب سے اہم کام تبلیغ کرنا اور دین کی اشاعت کرنا ہوتا ہے۔ خدا تعالےٰ کے فضل سے اخبارات۔ کتابوں اور اشتہارات کے ذریعہ صداقت کی آواز کو دور دور تک مؤثر رنگ میں پہنچانے کی کوشش کی گئی

سواحیلی اخبار کی مقبولیت

مرکزی مشن کی طرف سے سواحیلی اخبار عرصہ زیر رپورٹ میں باقاعدہ شائع ہوتا رہا۔ اس پرچہ کی مقبولیت کا ان خطوط سے اندازہ کیا جا سکتا ہے جو ہمیں وقتاً فوقتاً ملتے رہتے ہیں۔ ان خطوط میں نامہ نگاروں نے اس حقیقت کا اعتراف کیا ہے کہ یہ اخبار تاریکی میں بھٹکے ہوئے لوگوں کو نور کی طرف لانا۔ سوتوں کو جگاتا اور اسلامی تعلیم کی اشاعت میں خاص حصہ لیتا ہے۔ پہلے یہ اخبار ۲۰۰۰ کی تعداد میں چھپتا تھا اور چھ صفحات پر مشتمل تھا۔ اب جنوری ۵۷ء سے صفحات کی تعداد آٹھ کر دی گئی ہے اور ہر ماہ ۳۰۰۰ کی تعداد میں چھپتا ہے۔ کیونکہ پہلی تعداد ناکافی تھی اور مانگ بڑھ رہی تھی۔ چونکہ اخبار باقاعدگی سے نکلتا ہے اس لئے اشتہارات بھی ملتے ہیں اور خریدا بھی جاتا ہے اور اب خدا تعالےٰ کے فضل سے یہ اخبار اپنی طباعت اور ترسیل وغیرہ کے اخراجات خود پیدا کر رہا ہے اور مشن پر بوجھ نہیں۔ اشتہارات کے لئے مکرم رئیس التبلیغ صاحب نے خاص کوشش فرمائی اور مضامین کے لحاظ سے مکرم شیخ امری عبیدی صاحب۔ معلم احمدیہ سالسہ صاحب اور دوسرے افریقن احباب امداد کرتے رہتے ہیں۔ جزاھم اللہ تعالےٰ احسن الجزاء

اس اخبار کا دائرہ وسیع سے وسیع تر ہوتا جا رہا ہے اور مشرقی افریقہ کے علاوہ سنٹرل افریقہ اور جنوبی افریقہ میں بھی لوگ اسے شوق سے خریدتے ہیں گذشتہ سال ۵۶ء کے جلسہ سالانہ کے موقعہ پر حضور ایدہ اللہ نے اپنی تقریر میں بیان فرمایا تھا کہ ناجین کو نگو نیاسالینڈ اور روڈیشیا میں احمدیت کا اثر بڑھ رہا ہے۔ بعض خطوط سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں لوگ احمدی ہو رہے ہیں اور اخبار کے خریداروں کی تعداد خدا تعالےٰ کے فضل سے بڑھ رہی ہے اور انہوں نے ہم سے مبلغ منگوائے ہیں۔ اس اثر و نفوذ کے پیدا کرنے میں اس اخبار کا خاصہ حصہ ہے

طباعت لٹریچر

جو کتب اس سال طبع ہوئی ہیں ان کی نظر ثانی اور پروف ریڈنگ کی گئی۔ یوگنڈا زبان میں ترجمہ اور نوٹوں کو ٹائپ کیا نماز کی کتاب کا پانچواں ایڈیشن طبع ہوا اسلام اور غلاموں کی آزادی اور کشتی نوح کو دوسری بار سواحیلی میں طبع کرایا گیا ہے احمدیت کا پیغام پہلی بار طبع کرایا گیا۔ کشتی نوح کے علاوہ باقی کتب طبع ہو چکی ہیں اور فروخت ہو رہی ہیں۔ یہ لٹریچر بھی اب خدا تعالےٰ کے فضل سے زیادہ بکتا ہے اور دکانداروں کو تجارتی طریق پر مہیا کیا جاتا ہے ایک اشتہار Islam is on the march in Africa طبع کرایا گیا ہے۔ اس اشتہار کے متعلق مطالبہ نائیجیریا کی یونیورسٹی کے طلباء کی طرف سے آیا تھا اور انہیں ۵۰۰ کی تعداد میں یہ اشتہار بھجوایا گیا۔ موجودہ مختصر سٹاف اور مالی تنگی کو مدنظر رکھتے ہوئے مشرقی افریقہ کے مشن کا یہ شاندار کارنامہ ہے کہ اس نے پانچ تراجم ایک سال میں شائع کئے ہیں شیخ امری عبیدی صاحب نے کشتی نوح و پیغام احمدیت کی ابتدائی پروف ریڈنگ میں خاص محنت سے کام کیا۔ جزاہ اللہ تعالےٰ

ریڈیو پر تقاریر

اس سال خاکسار نے پانچ تقاریر نیروبی ریڈیو سٹیشن سے نشر کیں جو رمضان۔ عید الفطر۔ اخلاق حسنہ عید الاضحی اور رواداری پر تھیں۔ مکرم چوہدری محمد شریف صاحب بی۔ اے سیکرٹری امور عامہ جماعت نیروبی نے ان کا انتظام کیا۔ ان تقاریر کے ذریعہ اسلام کا صحیح نکتہ نگاہ مختلف مسائل کے بارے میں پیش کرنے کا موقعہ ملا

یوم پیشوایان مذاہب

جماعت نیروبی کے زیر انتظام یوم پیشوایان مذاہب منایا گیا۔ حاضری توقع سے زیادہ تھی۔ بہت سے لوگ دو گھنٹے تک کھڑے کھڑے کارروائی سنتے رہے

تعلیم و تربیت

رمضان المبارک کے ایام میں مستورات میں ایک پارہ کا درس روزانہ دیا جاتا رہا۔ دوسرے ایام میں بھی عورتوں اور مردوں میں قرآن شریف کا درس ہفتہ وار دیا جاتا رہا۔ نوجوانوں کی ایک تبلیغی کلاس جاری ہے۔ اس میں نبوت کے بارے میں آیات اور احادیث اور وفات مسیح کے متعلق آیات و احادیث مع ترجمہ و تشریح یاد کرائی گئیں اور اعتراضوں کے جوابات سکھائے گئے

پریس

ایبے سینیا میں ایک افریقن احمدی سے ظالمانہ سلوک کیا گیا اور اسے تین ماہ قید رکھنے کے بعد وہاں سے نیروبی بھجوا دیا گیا۔ اس کے بارے میں انگریزی پریس کو رپورٹ اور خطوط بھجوائے گئے۔ کینیا اور ٹانگانیکا کے پریس نے اس خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا۔ مکرم جناب رئیس التبلیغ صاحب کا بیان اس بارے میں نمایاں طور پر شائع کیا گیا جس سے احمدیت کے بارے میں کثرت سے لوگوں میں چرچا رہا۔ اس سے قبل سپین میں ہمارے مبلغ پر پابندی کے بارے میں ایسٹ افریقن سٹینڈرڈ میں خطوط شائع ہوتے رہے۔ خاکسار نے بھی اس کے متعلق خط لکھا۔ یہ موضوع بھی دیر تک چلتا رہا۔ اور ایشین اور یورپین لوگوں نے اس بارے میں ہمارى تائید کی۔ ایک خط خاکسار نے ایسٹ افریقن سٹینڈرڈ میں عورت کے مقام اور کام کے متعلق لکھا۔ ایک مفصل خط ٹانگانیکا سٹینڈرڈ

میں احمدیت کے بارے میں لکھا ہے ......

...... جو کہ بعض اعتراضات کے جواب میں تھا۔ اس میں جماعت کی تبلیغی سرگرمیوں کو پیش کیا گیا تھا۔ افریقن مسلمانوں کی تعلیم کے بارے میں ایک طویل خط ایک اخبار کو لکھا۔ اس میں افریقن مسلمانوں کی موجودہ تعلیمی پوزیشن کے متعلق حکومت اور پبلک کو ان کے فرائض کی طرف توجہ دلائی گئی تھی۔

نیروبی کے ایک ہفتہ وار انگریزی اخبار "سنڈے پوسٹ" نے ایک اشتہار میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق ایک ناپسندیدہ فقرہ استعمال کیا تھا۔ اس اخبار کو پروٹسٹ کا خط لکھا گیا۔ اخبار نے اگلی ہی اشاعت میں افسوس کا اظہار کیا اور اس اشتہار کو اخبار سے نکال دیا اور ہمیں بھی معذرت خواہی کے لئے خط لکھا۔

الیکشن

کینیا لیجسلیٹو کونسل کے انتخاب کے موقع پر تین مسلمان امیدواروں سے مختلف اوقات میں ملاقات کی۔ احمدیہ مسجد نیروبی میں ان کی تقاریر کرائیں اور جب جماعت نے متفقہ طور پر مسٹر ابراہیم نتھو کے حق میں فیصلہ کیا تو انتخاب کے دن بیسیوں احمدی احباب اور مستورات کو موٹر میں پولنگ بوتھ پر پہنچایا۔ خدا تعالےٰ کے فضل سے اسی امیدوار کو کامیابی ہوئی جس کے حق میں ہماری جماعت نے فیصلہ کیا تھا۔

(باقی صفحہ ۶ پر)

۳۱ مئی تک وعدہ پورا کرنے والے احباب کی دعائیہ لسٹ

(۱) ذیل میں ان احباب کی فہرست شائع کی جاتی ہے جن کے وعدے ۱۵ اپریل ۵۷ء سے ۱۰ جون تک سو فیصدی پورے ہو چکے اور ساتھ ہی ان جماعتوں کے دفتر اول و دوم کی میزان وعدہ و وصولی بھی دیکر انکی فی صدی وصولی کی اطلاع کی جاتی ہے۔ تا سیکرٹریان تحریک جدید و مال اور خدام الاحمدیہ کے عہدہ دار اپنی اپنی جماعت کے وعدوں کو سو فیصدی پورا کرنے کی کوشش فرمائیں۔ اور ان احباب کے نام بھی دئیے جا رہے ہیں جنہوں نے اچھا کام کیا ہے۔

(۲) یاد رہے کہ تحریک جدید کا چندہ تو صرف اشاعت اسلام اور اشاعت احمدیت کے لئے ایک مخصوص چیز ہے۔ اور اس کی ضرورت اور اہمیت بھی ایک مخصوص چیز ہے۔ اور یہ چندہ ہے بھی ہمیشہ کے لئے جیسا کہ فرمایا ہے۔

(۳) "وہی روپیہ رحمت کا موجب ہو سکتا ہے۔ جس کے ساتھ انسان کا دل بھی صاف ہو اور دنیوی آلائشوں سے مبرا ہو۔

(۴) اگر روپیہ ہماری ضرورت کے لئے کافی ہو جائے تب بھی تمہارے اندر ایمان پیدا کرنے کے لئے۔ تمہارے اندر اخلاص پیدا کرنے کے لئے۔ تمہارے اندر زندگی پیدا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ تم سے قربانیوں کا مطالبہ کیا جائے اور ہمیشہ اور برابر کیا جائے۔

(۵) اگر قربانیوں کا مطالبہ ترک کر دیا جائے۔ تو یہ تم پر ظلم ہوگا۔ یہ سلسلہ پر ظلم ہوگا اور یہ تقویٰ اور ایمان پر ظلم ہوگا۔" (خطبہ مطبوعہ الفضل ۲۳ اپریل ۱۹۴۴ء)

تحریک جدید کے مجاہدوں کو یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ جو دوست جلد ادا کرنے کی طرف توجہ نہیں دیتے بلکہ وہ خیال کرتے ہیں کہ وقت بہت پڑا ہے آخر میں ادا کر دیں گے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ وہ آخر وقت پر بھی نہیں دے سکتے۔ اور اس کا نتیجہ بسا اوقات یہ ہوتا ہے کہ اس قربانی سے محروم رہ جاتے ہیں اور بعض آئندہ سال میں شامل ہونے سے بھی ہچکچاہٹ محسوس کرتے ہیں اور بعض وعدہ ہی نہیں کرتے۔ کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ بقایا ادا کرنا ہے۔ تب آئندہ وعدہ کریں گے۔ ایسے احباب کو چاہیئے کہ وقت بہت ہے۔ یہ خیال دل سے نکال دینا چاہیئے۔ اور انہیں حضور کا یہ ارشاد یاد رکھنا چاہیئے کہ:

"جو آج وعدہ پورا نہیں کرتا۔ وہ کل کس طرح آگے آئے گا۔"

پس احباب اور کارکنان فوری توجہ فرما کر سابقون کا دوسرا دور جو جولائی کے آخر تک ہے۔ اس میں اپنے وعدے سو فی صدی پورے کریں۔ اللہ تعالیٰ توفیق بخشے۔ لسٹ درج ذیل ہے۔

وکیل المال تحریک جدید۔ ربوہ

فضل عمر ہوسٹل

میزان وعدہ دفتر اول و دوم ۷۲/۸/۰ ۵۸

" وصولی " " ۵۵/۴/۰

۷۸ فی صدی

نام	رقم
انور حسن صاحب فرسٹ ایئر	۵/۸
نیاز احمد صاحب تھرڈ ایئر	۶/۸
محمود احمد صاحب تھرڈ ایئر	۶/-
بشیر احمد صاحب سیکنڈ ایئر	۶/۸
عطاء الرحمن صاحب	۵/-

عمدہ کارکردگی والے:۔ عبد الستار صاحب نیس کلرک فضل عمر ہوسٹل تعلیم الاسلام کالج ربوہ

محلہ دار الرحمت غربی

میزان وعدہ ۱۱۳۵/۸/۰

میزان وصولی ۸۲۳/۰/۰ ۷۲-۵

ڈاکٹر فضل صاحب ۷۹/-

نام	رقم
کیپٹن بابو محمد سعید صاحب	۲۰/-
منشی محمد ابراہیم صاحب جلد ساز	۵/۴
حافظ محمد افضل صاحب	۵/۸
خلیل احمد صاحب	۵/-
محمد رمضان صاحب ٹھیکیدار	۹/-

نوٹ:۔ یہ وصولی کیپٹن بابو محمد سعید صاحب کی کوشش کی مرہون منت ہے جو تحریک جدید یا دوسرے مالی شعبہ میں دل و جان سے سعی فرماتے ہیں جزاکم اللہ واحسن الجزاء۔ خدام و دوسرے عہدہ داران کو بھی توجہ کرنی چاہیئے۔

چنیوٹ

میزان وعدہ ۷۶۶/۰/۰

میزان وصولی ۵۷۲/۰/۰ — ۷۴ فی صدی

دفتر اول: گلزار احمد صاحب زرگر ۱۰/۱۲؛ رفیعہ بیگم صاحبہ اہلیہ شیخ محمد حسین صاحب ۱۵/۸ — ۲۶/۴

دفتر دوم۔ اہلیہ ڈاکٹر شریف احمد صاحب دندان ساز ۵/-

نام	رقم
شیخ عبد القیوم صاحب	۵/-
اقبال بیگم صاحبہ اہلیہ حافظ عزیز احمد صاحب	۱۷/۱۲
میاں محمد یوسف صاحب ۵/-، خدا بخش صاحب ۵/-	۱۰/-

عمدہ کارکردگی والے:۔ شیخ محمد حسین صاحب پنشنر سیکرٹری مال جماعت احمدیہ چنیوٹ

چک ۴۹۷ جھنگ

میزان وعدہ ۹۷/۰/۰

میزان وصولی ۶۵/۰/۰ — ۶۷ فی صدی

نام	رقم
مولوی عبد المنان صاحب و اہلیہ صاحبہ	۱۰/۱۴
محمد نور خان صاحب و اہلیہ صاحبہ و بچگان	۱۰/۱۰
مولوی عبد الوحید صاحب	۷/۱
اہلیہ محمد علی خان صاحب	۵/۲

عمدہ کارکردگی والے:۔ دولت خان صاحب پریذیڈنٹ جماعت احمدیہ ۴۹۷

تعلیم الاسلام ہائی سکول گھٹیالیاں

میزان وعدہ ۱۱۴/۸/۰

میزان وصولی ۸۳/۰/۰ — ۷۲ فیصدی

نام	رقم
ماسٹر نذیر احمد صاحب	۵/۷
سید غلام احمد صاحب نثار	۱۲/-
ماسٹر فیض احمد صاحب	۵/-

عمدہ کارکردگی والے:۔ ماسٹر محمد اعظم صاحب بی۔ اے۔ بی ٹی

بعض جگہ خطیب صاحب سے خطبہ کے ذریعہ اور بعض جگہ مسجد میں نماز کے بعد اعلان کر دیا جاتا ہے۔ کہ چندہ ادا کیا جائے۔ یہ کافی نہیں لوگ سن کر گھروں کو چلے جاتے ہیں۔ پھر ان کو یاد نہیں رہتا۔ اس لئے ضرورت ہے کہ اعلان کے بعد وصولی چندہ تحریک جدید کا ایک پروگرام بنا کر سیکرٹری تحریک جدید و خدام الاحمدیہ کے قائد یا ناظم یا معتمد کے ذریعہ ان کو ذمہ وار ٹھہرایا جائے۔ اور وصولی کا کام باقاعدہ کریں۔ اس طرح امید ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ کام [illegible] ہوگا۔ (باقی)

مشرقی افریقہ میں جماعت احمدیہ کی تبلیغی مساعی

(بقیہ صفحہ ۵)

سفر

